38933 ـ اپنے ملک جانے کی نیت سے روزہ چھوڑنا

سوال

میں نے اپنے شہر سے عشاء کے بعد سفر کیا اوراسی دن واپس بھی آنا تھا میں تقریبا فجر کے بعد وہاں پہنچا میں نے اپنے میزبانوں کو کہا کہ ظہر کے وقت بیدار کریں کیونکہ میں واپس جانا چاہتا ہوں ، میں ظہر کےوقت اٹھا توانہوں نے دوپہرکا کھانا پیش کیا میں نے کھانے کے بعد سفر کرلیا اب اس میں کیاحکم ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ظاہرتویہ ہوتا ہے کہ آپ رمضان کے اس دن میں روزہ چھوڑنے کے بارہ میں سوال کررہے ہیں ، اورآپ کے سوال سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ آپ نے ایک لمبا سفر کیا تھا کیونکہ سفر کئي گھنٹوں پر مشتمل تھا ، لھذا یہ مسافت سفر شمار ہوگي اورمسافر کے لیے رمضان میں روزہ چھوڑنا جائز ہے ، لیکن آپ اس دن کے بدلے میں ایک روزہ بطور قضاء رکھیں گے ۔

کیونکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے :

اورجومریض ہویا سفر میں ہو تووہ دوسرے دنوں میں گنتی پوری کرے البقرۃ (185) ۔

واللہ اعلم .